# خوفناک بَلا

## مع ۱۷ ایمان افروز حکایات

# فہرست

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

شیطان لاکھ سستی دلائے مگر اس رسالے کو اول تا آخر ضرور پڑھ لیجئے۔

حضرت اُبَی بن کعب رَضِیَ اللّٰہ تَعالٰی عَنہ نے عرض کیا کہ (فرائض وغیرہ کے علاوہ) میں اپنا سارا وقت دُرود خوانی میں صرف کرونگا تو سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہ تَعالٰی عَلیہ والہٖ وسلَّم نے فرمایا: یہ تمہاری فکروں کو دور کرنے کیلئے کافی اور تمہارے گناہوں کیلئے کفّارہ ہوجائے گا۔ (ترمذی ج ٤ ص ۲۰۷ رقم الحدیث ۲٤٦٥ مطبوعہ دار الفکر)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## ﴿۱﴾ خوفناک بَلا

بابُ الاسلام (سندھ) کے مشہور شہر حیدر آباد کے مبلّغِ دعوتِ اسلامی ڈاکٹر آفاق عطاری کے بھانجے محمد مکرّم عطاری کا حلفیہ بیان ہے: ایک شب میں گاڑی پر سُنسان علاقے سے گزر رہا تھا ایک چھوٹی پُلیا پر سے گزرتے ہوئے اچانک ایسا لگا جیسے کوئی بہت زیادہ وزنی چیز گاڑی پر لاد دی گئی ہو۔ فل اسپیڈ دینے کے باوجود بھاری وزن کی بنا پر گاڑی بالکل آہستہ ہوگئی۔ کسی نہ کسی طرح گھر پہنچ کر جیسے ہی گاڑی سے اترا تو ایک نادیدہ شے کا وزن کندھوں پر محسوس ہونے لگا۔ جیسے تیسے میں نے کمرے میں پہنچ کر دروازہ بند کیا اور بستر پر جا گرا۔

**رات** کے کم وبیش **1:30** بجے کا وقت تھا! مجھ پر ایک عجیب خوف طاری تھا۔ میں سہا ہوا ہمت کر کے واش روم جانے کیلئے اٹھا تو کسی نادیدہ قوت نے میرا ہاتھ موڑ کر کمر پر لگا دیا۔ میری چیخ نکل گئی۔ میں اس نادیدہ قوت کے ہاتھوں پوری رات اذیت پاتا رہا۔ کبھی میری ٹانگ موڑ دی جاتی تو کبھی اٹھا کر پٹخ دیا جاتا۔ میں خوف وتکلیف میں چلاتا اور گھر والوں کو بلاتا رہا مگر حیرت کی بات یہ تھی کہ گھر والوں کو میری آواز نہیں پہنچ رہی تھی۔ اذان فجر ہونے پر وہ نادیدہ قوت چلی گئی۔ پورا جسم پھوڑے کی طرح دکھ رہا تھا۔

اس خیال سے کہ گھر والے پریشان ہونگے میں نے صبح کچھ نہ بتایا، گلی میں ایک باریش نمازی شخص جو جھاڑ پھونک کرتے تھے ان کے پاس پہنچا۔ انہوں نے استخارہ کر کے بتایا کہ سخت جان لیوا چیز تمہارے ساتھ ہے۔ **تم کسی کامل پیر کے مرید ہو** اس لئے جان بچ گئی۔ اس کا علاج میرے بس میں نہیں ہے۔ دوسری رات پھر اسی طرح **2:00** بجے کے قریب کسی نادیدہ قوت نے نیند کی حالت میں بستر سے اٹھا کر نیچے پھینک دیا اور میں اسی طرح پوری رات اذیت پاتا اور گھر والوں کو مدد کیلئے بلاتا رہا۔

**دوسرے** دن میں نمازِ عصر پڑھ کر حضرت سیِّد عبدالوہاب شاہ جیلانی المعروف **سخی سلطان** عَلَیْہِ رَحمَۃُ الرَّحْمٰن کے مزار پر حاضر ہوا۔ آنکھیں بند کر کے

عرض کی: حضور! میرے مرشد کا واسِطہ کم از کم اتنا تو ہو کہ جو نادیدہ قوت مجھے تکلیف دیتی ہے وہ نظر آجائے۔ یہ عرض کر کے جیسے ہی آنکھیں کھولیں تو برابر میں بھیانک چہرے والی ایک خوفناک بلا، جس کے دانت سینے تک نکلے ہوئے تھے سر چھت سے ٹکرا رہا تھا، چہرہ سیاہ اوراسکی بڑی بڑی سرخ آنکھیں مجھے گھور رہی تھیں۔ میں گھبرا کر چلنے لگا تو وہ بلا بھی میرے ساتھ ہولی۔ میں نے جب مزار کے اِحاطے میں دیکھا تو عجیبُ الخِلقت مخلوق، بچے اور مرد جن کے قد لمبے، بال گھٹنوں تک اور چہرے انسانوں سے مختلف تھے، ہاتھ باندھے مزار پر حاضر تھے۔اب چونکہ وہ نادیدہ قوت ظاہر ہو چکی تھی لہٰذا سامنے آکر مجھے مارتی۔

**ایک** صبح دعوت اسلامی کے ایک مبلغ کو میں نے یہ تمام مُعاملہ بتایا تو انہوں نے پوچھا: تم اپنے پیرو مرشد شیخ طریقت **امیر اہلسنّت** دَامَتْ بَرَكَاتُهُمُ الْعَالِيَه کے عطا کردہ شجرہ عطاریہ میں سے اوراد و وظائف پڑھتے ہو؟ میں نے عرض کی کہ میرے پاس تو شجرہ بھی نہیں ہے۔انہوں نے شجرہ عطاریہ دیا اور کہا، اسے اپنے پاس رکھو اوراس کے **اوراد و وظائف** پڑھنے کا معمول بھی بناؤ اور فیضان مدینہ آفندی ٹاؤن حیدر آباد سے مجلس مکتوبات و تعویذاتِ عطاریہ کے مکتب سے تعویذات بھی لو اِنْ شَآءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ اس خوفناک بلا سے نجات مل جائے گی۔

**اس** رات جب میں سویا تو شجرہ عطاریہ میری جیب میں تھا، عجیب پراَسرار آواز سے آنکھ کھلی۔ دیکھا وہ بھیانک بلا کمرے میں ہے، میں چونکہ اب

عادی ہو چکا تھا لہٰذا خوف میں کمی آ گئی تھی۔ میں نے محسوس کیا کہ آج وہ مجھ سے دور دور ہے اور قریب آنے سے کترا رہی ہے۔ دور سے بھیانک آواز میں کہنے لگی: تیری جیب میں کیا ہے؟ اسکو نکال کر رکھدے، میں تجھے کچھ نہیں کہوں گی۔ اب میری توجہ ہوئی کہ جیب میں **شجرہ عطاریہ** رکھا ہے، اس سے ہمت بڑھی۔ پوری رات وہ بلا دور دور کمرے میں ٹہلتی اور جیب سے **شجرہ عطاریہ** نکالنے کا مشورہ دیتی رہی۔ رات میں سو تو نہ سکا مگر اس کی دیگر اذیتوں سے مَحفوظ رہا۔

**دوسرے دن فیضان مدینہ میں مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ** کے مکتب سے تعویذات لئے اور لا کر ایک تعویذ کمرے میں لٹکا دیا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ تعویذ لٹکانے کی برکت سے اس بھیانک بلا کا کمرے میں داخلہ بھی بند ہو گیا۔ چند دن مختلف روپ میں آ کر باہر دالان سے اور کبھی کھڑکی سے آواز دیتی رہی: تعویذ ہٹا دے، تیرے بہت کام آؤں گی، مجھ سے دوستی کر لے، تجھے اب نہیں ماروں گی۔ پھر باہر بھی تعویذات لٹکا دیئے اور خود بھی تعویذ پہن لیا، کاٹ کا پانی[1] بھی پیتا رہا، اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ کچھ ہی عرصے میں **تعویذاتِ عطاریہ** کی برکت سے اس جان لیوا خوفناک بلا سے نجات مل گئی۔

کیونکر نہ میرے کام بنیں غیب سے حَسَن
بندہ بھی ہوں تو کیسے بڑے کارساز کا (ذوقِ نعت)

مدینہ

[1] یہ مخصوص پانی ہے جو عملیات کے ذریعے چُھری سے کاٹ کر پیش کیا جاتا ہے۔

# نورانی جھلک

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** سلف صالحین کے ایمان افروز واقعات میں ایک عجیب لذت وسرور پوشیدہ ہے۔ یہ ہماری خوش نصیبی ہے کہ جن نفوسِ قدسیہ کے روح پرور واقعات کتابوں میں پڑھ کر ہم اپنے ایمان تازہ کرتے ہیں انہیں کی ایک نورانی جھلک اس زمانے کے سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ کے عظیم بزرگ شیخِ طریقت، عالمِ شریعت، قاطعِ بدعت، حامیٔ سنت، عظیم البرکت، عظیم المرتبت، پروانۂ شمعِ رسالت، عاشقِ اعلیٰ حضرت، حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطاؔر قادری رضوی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی ذاتِ مبارکہ میں بھی نظر آتی ہے۔ آپ کی پُر اثر شخصیت صرف اپنے لاکھوں مریدین کیلئے ہی نہیں عامۃ المسلمین کیلئے بھی مشعل راہ ہے۔

# مجلسِ مکتوبا ت وتعویذاتِ عطاریہ

**مصیبتوں** اور آفات میں گھری ہوئی **آقا** صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی امت کی غمخواری کے مقدس جذبے کے تحت امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے **مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ** کو قائم فرمایا۔

**امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے تعویذات کی برکات سے ظاہر ہونے والے بے شمار واقعات میں سے چند سچے ایمان افروز واقعات اپنے انداز میں پیش کرنے کی سعی کی گئی ہے۔

## ﴿۲﴾ تعویذاتِ عطاریہ دینے والے پر سرکار صَلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا کرم

مجلس مکتوبات و تعویذاتِ عطاریہ کی طرف سے اجازت و تربِیَت پانے والے ایک اسلامی بھائی کا حلفیہ بیان ہے کہ ایک بار میں تعویذات لپیٹنے کے انداز کو بھول گیا (جو مجلس کی طرف سے اعلیٰحضرت رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے طریقے کے مطابق سکھایا جاتا ہے) تو بہت کوشش کی کہ یاد آ جائے مگر یاد نہ آیا اسی کشمکش میں سوگیا۔ سویا تو کیا حقیقت میں دل کی آنکھیں کُھل گئیں۔ میں نے دیکھا کہ سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیہ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم تشریف فرما ہیں اور امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ بھی حاضرِ بارگاہ ہیں اور مدنی مکی سرکار صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیہ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دستِ مبارک میں ایک تعویذ بھی ہے اور آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیہ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے وہ تعویذ لپیٹنے کا انداز تعلیم فرمایا، یہ وہی انداز تھا جو مجھے مجلس کی طرف سے بتایا گیا تھا۔ پھر آپ نے مرشدی عطار کو وہ تعویذ عطا فرما کر ارشاد فرمایا، اب تم بتاؤ، پھر مرشدی عطار نے بھی اُسی انداز میں تعویذ لپیٹا۔ سُبْحٰنَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ۔

جب امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی بارگاہ میں یہ خواب بیان کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: اس کا مطلب صاف ظاہر ہے کہ سرکار صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیہ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ کے ماتحت اخلاص کے ساتھ تعویذات دینے والوں سے محبت فرماتے ہیں۔سُبْحَانَ اللہ عَزَّوَجَلَّ۔

عطا کردے اخلاص کی مجھ کو نعمت
نہ نزدیک آئے ریا یا الٰہی (مناجات عطار)

## امت کی خیر خواہی کا جذبہ

**امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ **اوائل ہی** سے گھروں اور اسپتالوں میں جا کر مریضوں کو دم کرتے اور تعویذات عنایت فرماتے تھے۔

## ﴿۳﴾ آشُوبِ چشم سے شفاء

**ایک** اندازے کے مطابق 1972ء میں باب المدینہ (کراچی) کے اندر آنکھوں کی ایک پُراَسرار بیماری پھیلی، اس سے شاید ہی کوئی مَحفوظ رہا ہو۔ آپ دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ نے مریضوں کی آنکھوں پر **فِیْ سَبِیلِ اللہ** دم کرنا شروع کردیا، اللہ عَزَّوَجَلَّ کے کرم سے لوگ صحت یاب ہونے لگے، یہاں تک کہ اخبار میں نمایاں طور پر یہ خبر شائع ہوئی کہ آنکھوں کی پُراسرار بیماری جس کے علاج میں ڈاکٹر ناکام ہوچکے ہیں وہ **محمد الیاس قادری** دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ نامی ایک شخص کے دم سے ٹھیک ہونے لگی ہے۔ پھر کیا تھا، لوگ دور دور سے آنے لگے اور مریضوں کی قِطاریں لگ جاتیں اور آپ دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ باری باری دم

فرماتے۔

کیوں نہ ہو ناز مجھے اپنے مقدر پہ کہ ہوں
سگ ترا بندہ ترا مانگنے والا تیرا (ذوقِ نعت)

## ﴿۴﴾ گلے کا کینسر

**بابُ المدینہ** (کراچی) کے **۵۰** سالہ شخص عبد اللہ میمن نے حلفیہ بتایا: میری ٹھوڑی کے نیچے ایک دانہ ہوا جو بڑھتے بڑھتے کینسر کی صورت اختیار کر گیا، سخت اذیت وتکلیف کا دور شروع ہو گیا۔ زخم اس حد تک بڑھا کہ سوراخ حلق کے باہر نظر آنے لگا۔ جو کھاتا یا پیتا حلق کے نیچے سے نکل آتا، زخم سے کیڑے جھڑتے اور بد بو کے بھبکے نکلتے۔ اس مشکل میں اپنوں نے بھی آنکھیں پھیر لیں، میری شادی شدہ اولاد بھی خدمت کرنے بلکہ پاس آنے سے کترانے لگی۔ **ڈاکٹروں** نے لاعلاج بتا کر مایوس کر دیا، جیسے جیسے زخم بڑھتا جا رہا تھا، دل پر غم اور مایوسی کے بادل گھرے ہوتے جا رہے تھے۔ ایسے میں ایک سبز سبز عمامے والے اسلامی بھائی نے شفقت فرماتے ہوئے دلاسہ دیا اور شہید مسجد کھارادر کا پتہ بتایا کہ وہاں مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ کے اسلامی بھائی **امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کے تعویذات مفت دیتے ہیں۔ اب تک کئی ڈاکٹروں کی طرف سے لاعلاج مریض شفایاب ہو چکے ہیں۔ آپ مایوس نہ ہوں اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ کو بھی شفا ہو گی۔ میں شہید مسجد کھارادر پہنچا، صدمے سے نڈھال تھا۔ میں نے

تعویذ دینے والے سے رو رو کر کہا: میں بڑی امید لے کر آیا ہوں، مجھ پر رحم کرو اور میرا کسی طرح علاج کردو۔ تعویذ دینے والے **اسلامی بھائیوں** نے مجھے تسلی دی اور کہا: آپ دل چھوٹا نہ کریں، ڈاکٹروں نے مایوس کردیا تو کیا ہوا۔ اللّٰہ تعالٰی شفا دینے والا ہے، پھر مجھے تعویذاتِ عطاریہ دیئے اور مرض کی کاٹ کرکے ۱۱ دن پینے کیلئے پانی دیا اور کہا: علاج شروع کرنے سے قبل ۱۱ روپے **غوثِ پاک** رَحمۃُ اللّٰہ تعالیٰ علیہ کی نیاز اور صحت ملنے پر ۲۵ روپے **اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان** عَلَیْہِ رَحمۃُ الرحمٰن کے ایصالِ ثواب کیلئے خیرات کردینا، اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ چند دنوں کے بعد ہی میرا زخم سوکھنا شروع ہوگیا اور کیڑے جھڑنا بھی بند ہوگئے اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ایک ماہ کے اندر اندر میرا زخم تقریباً بھر گیا۔ میں **امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے ذریعے قادریہ رضویہ سلسلے میں داخل ہوکر عطاری بن گیا اور داڑھی شریف سجا کر پانچوں وقت پابندی سے نماز پڑھنے لگا۔

شفا پاتے ہیں صدہا جاں بلب امراضِ مہلک سے
عجب دارالشفاء ہے آستانہ پیر و مرشد کا

## ﴿۵﴾ معذور کو شفا

**عبداللطیف** (حیدر آباد) نامی شخص نے ایک رقعہ لکھ کر دیا کہ میرے ۱۸ سالہ نوجوان بیٹے کی ریڑھ کی ہڈی کے نیچے کا حصہ ایسا مفلوج ہوگیا کہ استنجا کا بھی معلوم نہ ہوتا۔ جس طرح ممکن ہوا علاج کیلئے ڈاکٹرز، حکماء اور عاملین سے رابطے کئے

مگر لاحاصل، آخر تھک ہار کر علاج سے مایوس ہوگئے۔ جوان بیٹے کو اس لاچاری میں دیکھ کر آنکھیں بھر آتیں مگر علاج کی کوئی صورت نظر نہیں آتی تھی۔

**ایسے** میں ہمارے رشتے دار عبدالکریم بھائی نے بتایا کہ اس زمانے کے سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ کے عظیم بزرگ شیخ طریقت **امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے تعویذات فیضانِ مدینہ (حیدر آباد) میں مجلس مکتوبات وتعویذات عطاریہ کے مکتب پر بعد نمازِ عشا مفت دیئے جاتے ہیں۔ کئی مریض جو میرے علم میں ہیں انہیں حیرت انگیز طور پر شفا ملی ہے، آپ بھی تَجرِبہ کر کے دیکھ لیں۔ میں چونکہ اس طرح کی بہت باتیں سن کر تجربے کر چکا تھا اسلئے ان کی بات کا میں نے خاص اثر نہیں لیا۔

**اتفاق** سے **ایک** دن **فیضانِ مدینہ** (آفندی ٹاؤن حیدر آباد) کی طرف سے گزرنا ہوا تو ان اسلامی بھائی کی بات یاد آئی اور میں فیضان مدینہ میں داخل ہوگیا۔ صَحْن میں چند اسلامی بھائی سبز سبز عمامہ کا تاج سجائے لائن میں بیٹھے ہوئے لوگوں کو **تعویذات** دے رہے تھے، میں بھی بیٹھ گیا۔ باری آنے پر انہوں نے بڑی توجہ سے میرا مسئلہ سنا اور کافی حوصلہ دیا اور کہا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ شفا دینے والا ہے، آپ مایوس نہ ہوں۔ چند تعویذات دیئے اور مَرَض کی کاٹ کر کے ۱۱ دن پینے کیلئے پانی بھی دیا۔

**تعویذاتِ عطاریہ** چند دن استعمال کرنے کی برکت سے اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میرا جوان بیٹا سہارے سے چلنے لگا، اور تقریباً ۲ ماہ میں میرا وہ معذور بیٹا جس کا تین سال سے نیچے کا دھڑ مفلوج تھا، **امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کے تعویذات کی برکت سے مکمل صحّت یاب ہو کر چلنے پھرنے لگا۔

گرانے لگی ہے مجھے لغزشِ پا
سنبھالو ضعیفوں کو یا غوثِ اعظم (ذوقِ نعت)

## ﴿۶﴾ پاؤں کا ناسور

**ایک** اسلامی بھائی نے حلفیہ بتایا کہ میرے پاؤں پیدائشی طور پر مڑے ہوئے ہیں۔ ۵ سال کی عمر میں چپل کی وجہ سے ایک پاؤں میں معمولی سا زخم ہو گیا جو رفتہ رفتہ گہرا ہوتا گیا۔ علاج پر ہزاروں روپے خرچ کرنے کے باوجود ''مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی'' کے مصداق زخم صحیح ہونے کے بجائے مزید بگڑتا چلا گیا اور اس میں سے خون اور پیپ رستا رہتا حتّٰی کہ میں چلنے پھرنے سے بھی معذور ہو گیا۔ ہر طرح کا علاج کروانے کی کوشش کی مگر بے سُود۔ اسی حال میں کم و بیش ۱۷ سال گزر گئے اور میری عمر کم و بیش ۲۲ سال ہو گئی، اندیشہ تھا کہ شاید یہ کینسر بن چکا ہے، میں علاج سے تقریباً مایوس ہو چکا تھا۔ ایک دوست نے جو کہ دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ ہیں، مشورہ دیا کہ فیضانِ مدینہ میں **مجلس**

مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ کے مکتب پر شیخِ طریقت امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے تعویذات مفت دیئے جاتے ہیں وہاں رابطہ کیجئے لہٰذا میں نے تعویذات کے مکتب پر حاضری دی۔ انہوں نے کافی حوصلہ دیا اور کاٹ کا عمل کر کے پینے کیلئے پانی دیا اور پلیٹیں[1] بھی دیں۔ ابتدا میں خاص فرق محسوس نہیں ہوا مگر میں نے ہمت نہیں ہاری اور کم وبیش ۶ ماہ تک پابندی سے علاج کرواتا رہا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ پلیٹیں پابندی سے استعمال کرنے کی برکت سے میرے پاؤں کا ۱۷ سالہ زخم بالکل سوکھ گیا اور بدبودار مواد بھی نکلنا بند ہو گیا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میں اب چلنے کے قابل بھی ہو گیا ہوں اور فیضانِ مدینہ میں دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار اجتماع میں پابندی سے شرکت کی کوشش بھی کرتا ہوں۔

## ﴿۷﴾ ہیپاٹائٹس B سے نجات

**ایک** اسلامی بھائی کو ہیپاٹائٹس B یعنی کالا یرقان ہو گیا، طبیعت زیادہ بگڑی تو باب المدینہ (کراچی) کے علاوہ پنجاب سے بھی ٹیسٹ کروائے، ہر جگہ یہ مرض ہی تشخیص ہوا۔ انہوں نے فیضانِ مدینہ سے امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے تعویذات اور پڑھے ہوئے چنے لاکر استعمال کئے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے عطا کردہ تعویذات کی برکت سے صرف ایک



[1] مخصوص آیات جو پلیٹوں پر لکھ کر دی جاتی ہیں۔

ماہ میں وہ تندرست ہوگئے۔ جب دوبارہ ٹیسٹ کروایا تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ رپورٹ کے مطابق ان کا ہیپا ٹائٹس B کا مرض ختم ہو چکا تھا۔

## ﴿۸﴾ کالے علم کی نحوست

**ناناوالہ** (شاہ کوٹ کے قریب) ایک اسلامی بھائی کے گھر پر کالے علم کا شدید اثر تھا، اثر اتنا قوی تھا کہ (الامان والحفیظ) گھر کے کپڑے خود بخود کٹ جاتے، آگ لگ جاتی، سامان خود بخود غائب ہو جاتا، کھانا پکاتے وقت سالن وغیرہ مٹی بن جاتا، دیواروں اور کپڑوں پر خون کے چھینٹے پڑتے حتّٰی کہ بچوں کی دودھ کی بوتل کا نپل کٹ جاتا، جوتے تک کٹ جاتے۔ انھوں نے کافی سامان اپنے پڑوسیوں کے ہاں بھجوادیا، کھانا وہیں جا کر کھا آتے، لباس وغیرہ بھی دوسروں کے گھر جا کر رکھ دیئے وہیں سے تبدیل کرتے۔

**ان** کے بھائی کسی عامل کو لے آئے، اس نے کہا: میرا کرتہ صحن میں رکھ دو اور پھر دیکھو کیا ہوتا ہے۔ کچھ دیر کے بعد اس کا کرتا بھی کٹ گیا اور وہ بھی ناکام رہا۔ مطلب یہ کہ حالات انتہائی تشویشناک تھے۔ ایسے میں انہوں نے **مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ** کے مکتب سے رابطہ کیا۔ وہاں سے لٹکانے اور پہننے کے تعویذات دیئے گئے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ وہ دن اور آج کا دن ہے کم وبیش تین سال سے زائد عرصہ ہو گیا ہے دوبارہ کالے علم کے اثرات ظاہر نہیں ہوئے۔

مصطفیٰ والی تیرے سگِ عطار ڈر کس بات کا
کارگر ہوگا نہ تجھ پر دشمنوں کا کوئی وار (مغیلانِ مدینہ)

## ﴿۹﴾ حیرت انگیز برکت

ضلع لاڑکانہ (تحصیل وا) کے ایک گاؤں خدابخش مغیری کے اسلامی بھائی علی حسن عطاری نے حاجی برکت علی عطاری کو حلفیہ بتایا کہ ہمارا ذریعہ معاش زمین کی فصل پر ہوتا ہے۔ ہوایوں کے سیزن کے حساب سے میرے والد صاحب نے زمین میں روسی چاول کا بیج ڈالا، فصل جب بڑھی تو دیکھتے ہی دیکھتے چاول کی فصل پر کیڑوں نے حملہ کردیا جس کے سبب فصل کا اکثر حصہ ضائع ہوگیا۔ میرے والد نے جب فصل کو دیکھا تو ان کے پیروں تلے زمین نکل گئی کیونکہ ہمارا اس کے سوا گزارے کا اور کوئی ذریعہ نہ تھا۔ والد صاحب گھر میں آئے تو میں دعوتِ اسلامی کے مَدَنی کام میں مشغول تھا، والد صاحب نے ناراض ہوکر فرمایا: آپ کو کوئی فکر نہیں، فصل تباہ ہوگئی ہے اور آپ ہو کہ کاموں سے ہی فرصت نہیں، اگر اسپرے کروالیتے تو یہ دن نہیں دیکھنے پڑتے۔ میں بھی پریشان ہوگیا کیونکہ ہمارا واحد ذریعہ معاش یہ فصل ہی تھی۔

میرے ذہن میں اپنے مرشد امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کا دیا ہوا تعویذ والا پانی یاد آگیا جو میں نے اپنے مرض کیلئے مجلس مکتوبات و

**تعویذاتِ عطاریہ** سے حاصل کیا تھا۔ میں پینے والے تعویذ کا کچھ پانی ایک لوٹے میں لے کر جانے لگا تو والد صاحب نے فرمایا: کیا کرنے جارہے ہو؟ فصل ہر طرف سے کیڑوں کی نذر ہوچکی ہے، اب یہ تعویذ کا پانی کیا کریگا۔ میں نے عرض کی: ابا جان! **ہمارے مرشد کامل ہیں**، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بہتر ہوگا۔ میں جا کر لوٹے میں سے فصل کو چاروں طرف پانی لگانے لگا اور اپنے پیرو مرشد کو یاد کرنے لگا، بہر حال میں بھی فصل کو دیکھ کر سخت پریشان تھا کیونکہ فصل تقریباً ضائع ہوچکی تھی۔

**دو دن بعد** حیرت انگیز مُعاملہ ہوا، اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے تعویذ کے پانی کی برکت سے فصل کے پتے دوبارہ کھڑے ہونا شروع ہوگئے اور کیڑے ختم ہوگئے۔ والد صاحب نے دیکھا تو انہیں یقین نہیں آرہا تھا، بار بار کہتے تھے: واقعی تیرا مرشد کامل ہے۔ گاؤں کے لوگ بھی پوچھ رہے تھے: ہمیں بھی بتاؤ یہ کونسا اسپرے کروایا ہے کہ کیڑے بالکل ختم ہوگئے؟ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میرے والد صاحب اتنے متاثر ہوئے کہ **امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے مرید بن کر عطاری بن چکے ہیں اور چہرے پر سنت کے مطابق ایک مٹھی داڑھی رکھنے کی نیت بھی کر لی ہے۔

تیرے ہاتھ میں ہاتھ میں نے دیا ہے
تیرے ہاتھ ہے لاج یا غوثِ اعظم (ذوقِ نعت)

## ﴿۱۰﴾ دس سال سے ہچکیاں

**ایک** شخص کا حلفیہ بیان ہے کہ مجھے ہچکیوں کا عارِضہ لاحق ہوگیا گلے میں سوزِش ہوگئی جس سے آواز بھی بند ہوگئی۔علاج کیلئے کسی ڈاکٹر، حکیم یا عامل کو نہیں چھوڑا مگر فائدہ نہ ہوا۔اس آزمائش میں کم وبیش ۱۰ سال گزر گئے۔کسی نے مشورہ دیا کہ **مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ** کے مکتب سے **امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے تعویذات لے لیجئے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ بہتری ہوگی۔ میں نے تعویذات حاصل کئے۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ جو مرض ۱۰ سال سے بدستور تکلیف دے رہا تھا **تعویذاتِ عطاریہ** کی برکت سے ایک ہی ہفتے میں ٹھیک ہوگیا اور ہچکیوں سے نجات مل گئی۔ گلے کی سوزش بھی ختم ہوگئی اور میں ۱۰ سال بعد نارمل اسلامی بھائیوں کی طرح بولنے لگا۔

## ﴿۱۱﴾ دماغ کی رسولی غائب

**باب المدینہ** (کراچی) میں **مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ** کے ایک اسلامی بھائی کو ایک ڈاکٹر نے بتایا کہ میرے پاس ایک مریض زیرِ علاج تھا جس کے دماغ میں پھوڑا تھا۔ڈاکٹرز کی ٹیم نے یہ طے کیا کہ اس کا جلد آپریشن ہونا ضروری ہے۔ رپورٹ سے اندازہ ہوتا تھا کہ آپریشن کی صورت میں بھی

کامیابی کا چانس صرف ایک فیصد ہے ورنہ یہ پاگل، معذور یا ہمیشہ کیلئے بے ہوش ہوسکتا ہے اور جان جانے کا بھی سخت اندیشہ ہے۔ خیر ان کے گھر والوں کی اجازت سے آپریشن کی تاریخ طے کرلی گئی۔

**ڈاکٹر شَشْدر:** آپریشن سے صرف ایک دن پہلے جب دوبارہ انکا ٹیسٹ ہوا اور رپورٹ آئی تو تمام ڈاکٹر حیران وشَشْدر رہ گئے کہ ان کے سر میں پھوڑا تو دور کی بات کوئی پُھنسی بھی نہیں تھی اور رپورٹ کے مطابق وہ **100%** صحیح تھے۔ طبیعت کا معلوم کیا تو یہ پتہ چلا کہ وہ کوئی تکلیف محسوس نہیں کررہے۔ جب مریض کو ہم نے بتایا تو انکی اور گھر والوں کی آنکھوں سے خوشی کے آنسو بہہ نکلے اور وہ بتانے لگے کہ ہم نے اپنے پیرومرشد شیخِ طریقت **امیر اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے عطا کردہ تعویذات فیضانِ مدینہ پرانی سبزی منڈی باب المدینہ (کراچی) سے **مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ** سے حاصل کئے۔ تعویذاتِ عطاریہ استعمال کرتے ہوئے آج غالباً چوتھا دن ہے، اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ اسی کی برکت ہے۔ اس ڈاکٹر نے یہ بتا کر کہا کہ میں اس لئے حاضر ہوا ہوں کہ میری بہن کو بھی دماغی عارِضہ لاحق ہے، مہربانی فرما کر ان کیلئے بھی تعویذ عطا فرمادیں۔

قسمت میں لاکھ پیچ ہوں، سو بل ہزار کج
یہ ساری گُتھی اک تری سیدھی نظر کی ہے (حدائقِ بخشش)

# ﴿۲۱﴾ پھوڑے کا زخم

**ذوالفقار عطاری** (میر پور خاص) کا حلفیہ بیان ہے کہ میری اہلیہ کی کمر میں ایک پھوڑا ہوا، لیڈی ڈاکٹر کو دکھایا، اس نے کچے پھوڑے کو کاٹ دیا اور پٹی باندھ دی جس سے پھوڑا مسلسل خراب ہی ہوتا گیا۔ اس سے بدبودار مواد نکلتا اور شدید تکلیف بھی ہوتی۔ زخم بڑھتا رہا اور کئی سال تک اسی طرح مواد نکلتا رہا حتّٰی کہ ڈاکٹر نے بتایا اس میں ٹی بی (TB) ہوگئی ہے اور شفا کی بظاہر کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ میں انتہائی تشویش میں پڑ گیا۔ میں نے تعویذاتِ عطاریہ حاصل کر کے استعمال کرائے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ جس دن سے تعویذات شروع کئے اسی دن سے وہ پھوڑا سوکھنا شروع ہوا اور حیرت انگیز طور پر آہستہ آہستہ بالکل ختم ہوگیا اور اب کوئی تکلیف باقی نہیں۔

میرے اہل وعیال یا اللّٰہ

درد وغم سے رہیں جدا یا رب

# ﴿۱۳﴾ دعائے بلال

**مرکز الاولیاء** (لاہور) کے مقیم محمد انور عطاری نے حلفیہ لکھ کر دیا کہ ہماری والدہ محترمہ (جن کا ذِہنی توازن دُرُست نہیں) **13** دسمبر **2003** کو گھر سے چھوٹے بھائی کے یہاں جانے کیلئے نکلیں اور واپس نہیں پہنچیں۔ لاہور کے علاوہ

گِرْدونواح میں بھی تلاش کیا، اخبارات و اشتہارات سے لے کر جو بھی ممکنہ صورت نظر آئی اس کے ذریعے کوشش کی گئی مگر سراغ نہ ملا۔ دعائیں کروانے کا سلسلہ بھی جاری رکھا۔

**تقریباً** سوا ماہ بعد جب مایوسی ہونے لگی تھی تو میں اس زمانے کے سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ کے عظیم بزرگ شیخِ طریقت **امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کی بارگاہ میں دعا کروانے کیلئے باب المدینہ (کراچی) پہنچا تو معلوم ہوا کہ آپ باب المدینہ کراچی میں موجود نہیں ہیں۔ خوش نصیبی سے شہزادۂ عطار حاجی محمد بلال رضا عطاری مُدَّ ظِلُّہُ الْعَالِی سے ملاقات کی سعادت مل گئی۔ اپنا مدعا عرض کیا، انہوں نے بہت شفقت فرمائی مکمل توجہ سے مسئلہ سنا اور رو رو کر میرے مسئلے کے حل کیلئے دعا فرمائی اور **امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کے عطا کردہ تعویذات بھی دیئے۔ دوسرے دن ملاقات پر فرمایا: آپ مرکز الاولیاء واپس تشریف لے جائیں اور داتا صاحب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی بارگاہ میں میرا اسلام عرض کریں اور اپنا مدعا بھی پیش کریں۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ۲۷ گھنٹے کے اندر اندر آپ کو خوشخبری مل جائے گی۔ اس وقت آپ کی والدہ خیریت سے ہیں اور اچھے لوگوں میں ہیں۔ میں مرکز الاولیاء واپس چلا آیا۔

**توجہ مرشد:** اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ توجہِ مرشد سے اللّٰہ اور اسکے رسول عَزَّوَجَلَّ

وَصَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا ایسا کرم ہوا کہ لاکھ کوشش کے باوجود تقریباً ڈیڑھ ماہ سے جس سلسلے میں ذرا بھی خبر نہ مل سکی تھی صرف ۳۶ گھنٹوں کے اندر اندر میری والدہ کی اطلاع مل گئی کہ وہ جھنگ میں کسی سیّد گھرانے میں ہیں۔ دراصل ان حضرات کی امی جان کا کچھ عرصے پہلے ہی انتقال ہوا تھا اور اتفاق سے ہماری والدہ ان کو مل گئیں اور لاوارث سمجھ کر انہیں اپنی ماں کے طور پر رکھ لیا اور بہت خدمت کی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ شہزادہ عطار مُدَّ ظِلُّہُ الْعَالِی کی دعا اور **امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کے تعویذات کی برکت سے ہماری پیاری والدہ بخیر و عافیت گھر پہنچ گئیں۔

## ﴿۱۴﴾ دم توڑتا مریض

**فقیر رضا عطاری** نے حلفیہ بتایا کہ مرکز الاولیاء (لاہور) میں ایک مبلغِ دعوتِ اسلامی کے بچوں کے نانا جان (یعنی سسر) غلام نبی صاحب کی عیادت کیلئے مجھے مجلسِ مکتوبات و تعویذاتِ عطاریہ کے اسلامی بھائیوں کیساتھ جانے کی سعادت ملی۔ جب ان کو دیکھا تو بلا مبالغہ چکّر آگئے، بیٹھنا مشکل ہوگیا، مریض کی بے بسی اور تکلیف دیکھی نہیں جا رہی تھی۔

**غلام نبی صاحب** اپنے وقت کے پہلوان تھے۔ اب بھی جسم بظاہر کافی

صحّت مند تھا۔ صوفے کا سہارا لئے پاؤں پھیلائے، اُکھڑی اُکھڑی سانسیں لے رہے تھے ایسا لگتا تھا جیسے آخری وقت ہے۔ دونوں پنڈلیوں پر شدید سوجن تھی اورزخم کی وجہ سے چھوٹے چھوٹے گڑھے پڑ گئے تھے جن سے خون اور پیپ رِس رہا تھا شوگر بھی بہت بڑھی ہوئی تھی۔ مجلسِ مکتوبات وتعویذات کے اسلامی بھائیوں نے اسی وقت ۴۰ پلیٹیں لکھ کر دیں جو روزانہ نہار منہ پلانا تھا، مزید تعویذاتِ عطاریہ بھی دیئے۔

**کم وبیش** ۳ ماہ بعد دوبارہ مرکز الاولیاء (لاہور) جانے کی سعادت ملی۔ یاد آنے پر مبلغ سے ان کے بچوں کے نانا جان کی بیماری سے متعلق دریافت کیا (ذہن میں ان کی نازک حالت کے پیشِ نظر خدشہ تھا کہ شاید انتقال ہوگیا ہو) انہوں نے یہ کہہ کر حیرت میں ڈال دیا کہ ابھی کچھ دیر پہلے بچوں کے نانا جان (یعنی سسر) خود گاڑی پر گھر والوں کو چھوڑ کر گئے ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ۳۰ دن کے اندر ہی انہیں **امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے تعویذات کی برکات سے کافی فائدہ ہوگیا تھا اور اب تو وہ بالکل صحت مند ہیں۔

عطا کر صحت کامل مجھے بھی یہ بندہ ہے تیرا بیمار مرشد

## دنیا بھر میں تعویذاتِ عطاریہ عام کرنے کا جذبہ

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ مجلسِ مکتوبات وتعویذات عطاریہ دکھیارے مسلمانوں کی خیر خواہی کیلئے دنیا بھر میں تعویذاتِ عطاریہ عام کرنے کا

جذبہ رکھتی ہے۔ ابتدا میں یہ سلسلہ باب المدینہ (کراچی) تک محدود تھا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ مجلس نے **امیرِاہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کے مفید مشوروں کی روشنی میں اس سلسلے میں بہتری کی مزید کوششیں شروع فرمائیں جن کی برکات سے اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ غمخواری کا یہ مقدس سلسلہ پاکستان کے کئی شہروں بلکہ دیگر ممالک تک پہنچ چکا ہے۔ اس ضمن میں باب المدینہ (کراچی) کے علاوہ پاکستان کے چاروں صوبوں، آزاد کشمیر، نیز عرب ممالک، ہند، افریقہ وغیرہ میں بھی مجلس کے اجازت یافتہ اسلامی بھائی تعویذاتِ عطاریہ کی خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔

## لاکھوں تعویذات و مکتوبات

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس وقت مجلس کے تحت بلا مبالغہ لاکھوں تعویذاتِ عطاریہ نیز تعزیت نامے اور تسلی نامے بھیجے جا چکے ہیں اور تادمِ تحریر (۱۶ صفر المظفر ۱۴۲۵ھ تک) ایک اندازے کے مطابق **مجلس کی طرف سے ہر ماہ ایک لاکھ سے زائد تعویذاتِ عطاریہ** و اوراد اور ماہانہ کم و بیش **16000** مکتوبات بھیجے جا رہے ہیں جن میں E-mail کے بے شمار جوابات بھی شامل ہیں۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مزید اضافہ جاری رہے گا۔

## انٹرنیٹ ویب سائٹ

انٹرنیٹ پر دعوتِ اسلامی کی ویب سائیٹ www.dawateislami.net

(جو کہ دنیائے اسلام کی بہترین ویب سائیڈز میں شمار ہوتی ہے) اس پر بھی **امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے تعویذات کی service موجود ہے جس کے ذریعے ہر ماہ ہزاروں افراد مفت تعویذاتِ عطاریہ حاصل کر رہے ہیں۔

## ﴿۱۵﴾ پرانی کھانسی صحیح ہوگئی

**حیدرآباد** کے مبلغ حاجی محمد نعیم تسلیمی عطاری کا حلفیہ بیان ہے کہ چند ہفتوں پہلے مجھے شدید کھانسی ہوگئی۔ میں نے ڈاکٹروں اور حکیموں کے علاج کے علاوہ دیگر گھریلو نسخے بھی استعمال کئے مگر ''مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی''۔ میں سخت آزمائش کا شکار تھا۔ سوتے میں کھانسی کا دورہ پڑتا تو سونا اور کھاتے وقت کھانا دشوار ہوجاتا۔ نماز تک اطمینان سے نہیں پڑھ سکتا تھا۔ اس بے بسی کی حالت میں کم وبیش ڈیڑھ ماہ گزر گیا۔ اب وساوس پیدا ہونے لگے کہ خدانخواستہ سینے میں کوئی خرابی نہ ہوگئی ہو۔

**ایک** رات فیضانِ مدینہ سے باہر جاتے ہوئے مجلس مکتوبات و تعویذاتِ عطاریہ کے مکتب پر جا پہنچا۔ انہوں نے تعویذ دیا جو گیارہ دن روزانہ ایک گولی بنا کر بغیر چبائے نگلنا تھا۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ صرف دو دن تعویذِ عطاریہ استعمال کیا کہ کھانسی ایسی ختم ہوگئی جیسے تھی ہی نہیں۔

## ﴿۱۶﴾ چِیچک نما نشانات سے نجات

محمد فرید خان لودھی نامی ایک ماڈرن نوجوان اسکول ٹیچر جسے نت نئے

فیشن کا انتہائی شوق تھا۔کھانے میں بے حد احتیاط رکھتا تاکہ جسم بے ڈول نہ ہو۔ ہر وقت بن سنور کر رہنا اس کا خاص مشغلہ تھا۔ایسے میں اسے چکن پوکس اتنے شدید ہوئے کہ پورا جسم بلکہ ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلوے بلکہ پلکوں وغیرہ تک میں پھُنسیاں ہوگئیں جس میں شدید تکلیف تھی۔کم وبیش ۱۵ دن میں صحّت یاب تو ہوگئے لیکن دانوں نے اس کے خوبصورت چہرے کو بالکل بدنما بنادیا۔اس کا حسین چہرہ جس پر مزید نکھار لانے کیلئے مہنگی کریم استعمال کرتا اور دھوپ میں نکلنے سے بچتا، چیچک نما دانوں کے نشانات سے بھر گیا۔وہ باہر نکلتے وقت اپنے چہرے پر کپڑا ڈال کر گھومتا تاکہ کوئی میرے چہرے کی وحشت ناکی نہ دیکھ لے۔ ڈاکٹرز نے بتایا کہ ان دانوں کے نشانات کو مٹانے کیلئے ہمارے پاس کوئی علاج نہیں ہے۔ بہر حال وہ ممکنہ ہر کوشش کرتا رہا مگر خاطر خواہ فائدہ نہ ہوا۔ دعوتِ اسلامی کے ایک مبلغ نے مشورہ دیا کہ آپ مجلسِ مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ کے اسلامی بھائیوں سے تعویذات حاصل کریں، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ضرور شفا ملے گی ،مگر وہ ایک ڈیڑھ ماہ اپنے طور پر علاج کی کوشش کرتے رہے۔ایک دن جب مبلغ کی ان سے ملاقات ہوئی تو دیکھا کہ ان کے چہرے سے تقریباً %95 نشانات صاف ہو چکے ہیں۔پوچھا تو بتایا کہ کل شام میں نے تعویذات عطاریہ کے مکتب سے کاٹ کروا کر پانی لیا اور رات پانی پینے کے ساتھ ساتھ اپنے چہرے پر بھی لگایا۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ صبح اٹھا تو میرا چہرہ تقریباً %95 صاف ہو چکا تھا۔

# ﴿١٧﴾ ناسور سے نجات

**بابُ الاسلام** (سندھ) کے شہر نواب شاہ کے مقیم عبدالستار قریشی کا حلفیہ بیان ہے کہ آج سے تقریباً 4 ماہ قبل میری بچی کا آپریشن ہوا۔ مرض کی نوعیت یہ تھی کہ میری بیٹی کے سینے پر گِلٹی ہوئی جو بہت زیادہ تکلیف دینے لگی، آہستہ آہستہ درد شدت اختیار کر گیا۔ میں نے شہر کے مشہور سرجن سے رابطہ کیا تو انہوں نے بچی کے مرض کی حَسّاسِیَّت دیکھتے ہوئے آپریشن کا مشورہ دیا۔ میں گھبرا گیا کہ غریب آدمی اور آپریشن، آخر کار مرتا کیا نہ کرتا، جیسے تیسے پیسے جمع کیے اور 14 رمضان المبارک کو آپریشن ہوا مگر کچھ دن کے بعد زخم مزید بڑھتا چلا گیا۔

**آخر کار** پریشان ہو کر دوسرے سرجن کے پاس گیا، اس نے زخم دیکھ کر کہا: آپ کی بچی کا دوبارہ آپریشن کرنا ہو گا۔ میں غریب آدمی یہ سوچ کر رو پڑا کہ آپریشن کا خرچ کس طرح برداشت کروں گا۔ آخر ہمت کر کے تیار ہو گیا اور قرض لے کر عید کے ٣ دن کے بعد دوبارہ آپریشن کروایا مگر بدنصیبی سے زخم میں پھر پیپ پڑنا شروع ہو گئی۔ صورتحال یہاں تک پہنچی کہ صبح کے وقت ہسپتال میں پٹی ہوتی اور رات کو زخم میں اتنی ہی پیپ پڑ جاتی۔ انتہائی مہنگی ادویات استعمال میں تھیں۔ میں سخت ٹینشن میں رہتا، نہ کھانا اچھا لگتا نہ صحیح طرح نیند آتی۔ کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کروں۔ جو قرض لیا تھا وہ پیسے بھی ختم ہو چکے تھے اور زخم تھا کہ صحیح ہونے کے

بجائے بڑھتا جا رہا تھا، یہاں تک کہ زخم تقریباً ٦ سے ٧ انچ کا ہوگیا۔ آخر ہم نے فیصلہ کیا کہ مکان فروخت کرکے بچی کا علاج کراچی یا پنجاب کے کسی بڑے سرجن سے کروایا جائے۔ بس اسی کشمکش میں مبتلا تھے کہ ایک دن میں نے ایک باعمامہ اسلامی بھائی سے تذکرہ کیا تو انہوں نے بہت تسلی دی اور مشورہ دیا کہ فیضانِ مدینہ میں **امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے عطا کردہ تعویذات ملتے ہیں آپ وہاں رابطہ فرمائیں، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ فائدہ ہوگا۔ میرے دل میں وسوسہ آیا کہ جہاں اتنے بڑے بڑے ڈاکٹر مایوس ہوچکے ہوں وہاں یہ کیا فائدہ کریں گے۔ بہرحال میں بے اطمینانی کی کیفیت میں سوچ میں ڈوبا ہوا گھر پہنچا اور بچوں کی امی کو تعویذات سے متعلق بات بتائی تو انہوں نے کہا: تعویذات ضرور لینے چاہئیں، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ تعویذات کی برکت سے ضرور شفا ملے گی۔

## صرف 20 دن میں

میں نے **مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ** سے رابطہ کیا تو انہوں نے کافی تسلی دی اور ٤٠ پلیٹیں لکھ کردیں اور کہا اسے پلوائیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ چند دنوں میں ہی واضح فرق محسوس ہوا اور زخم سوکھنا شروع ہوگیا۔ تقریباً ٢٠ دن بعد جب ڈاکٹر کو دکھایا تو ڈاکٹرز حیران رہ گئے کہ جو زخم HighAnti Biotic سے صحیح نہیں ہوا، وہ اتنی جلدی کس طرح صحیح ہو رہا ہے۔ آپ یقین کریں یا نہ

کریں وہ ۷ انچ کا گہرا زخم ۲۰ دن تعویذاتِ عطاریہ کے استعمال سے ۳ انچ کا رہ گیا اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کے عطا کردہ تعویذات کی برکت سے اور ۴۰ پلیٹس پوری ہونے پر وہ زخم جو ناسور بن چکا تھا، صرف ایک پٹی کا رہ گیا، ڈاکٹرز حیران ہیں کہ یہ کس طرح ہوا ہے۔

## سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ کے عظیم بزرگ

چونکہ تعویذات عطاریہ اس زمانے کے سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ کے عظیم بزرگ کے عطا کردہ ہیں لہٰذا ان تعویذات عطاریہ کی برکات حیرت انگیز طور پر ظاہر ہوتی ہیں۔

ڈاکٹروں کی طرف سے لاعلاج قرار دیئے جانے والے مریض بھی اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ شفائیں پا رہے ہیں، اس طرح گھرانے کے گھرانے دعوتِ اسلامی سے منسلک ہو رہے ہیں۔ تعویذات دینے والے اسلامی بھائی انفرادی کوشش کے ذریعے مریضوں یا ان کے عزیزوں کو مدنی انعامات کی خوشبو سے مُعطّر معطر مدنی قافلوں میں سفر بھی کروا رہے ہیں۔

بلیّاتِ غم و افکار کیونکر گھیر سکتے ہیں
سروں پہ نام لیوؤں کے ہے سایہ غوثِ اعظم کا (قبالۂ بخشش)

## غور سے پڑھ کریہ فارم پُر کرکے تفصیل لکھ دیجئے

جو اسلامی بھائی فیضانِ سنّت یا امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُهُمُ الْعَالِيَه کے دیگر کُتُب و رسائل سن یا پڑھ کر، بیان کی کیسٹ سن کر یا ہفتہ وار، صوبائی و بَینَ الاقوامی اجتماعات میں شرکت یا مَدَنی قافلوں میں سفر یا دعوتِ اسلامی کے کسی بھی مَدَنی کام میں شمولیت کی بَرَکت سے مَدَنی ماحول سے وابستہ ہوئے، زندگی میں مَدَنی انقلاب برپا ہوا، نمازی بن گئے، داڑھی، عمامہ وغیرہ سج گیا، آپ کو یا کسی عزیز کو حیرت انگیز طور پر صحّت ملی، پریشانی دُور ہوئی، یا مرتے وقت کَلِمَۂ طَیِّبَہ نصیب ہوا یا اچھی حالت میں رُوح قبض ہوئی، مرحوم کو اچھی حالت میں خواب میں دیکھا، بشارت وغیرہ ہوئی یا تعویذاتِ عطاریہ کے ذریعے آفات و بَلیّات سے نَجات ملی ہو تو ہاتھوں ہاتھ اس فارم کو پُر کر دیجئے اور ایک صفحے پر واقعہ کی تفصیل لکھ کر اس پتے پر بھجوا کر احسان فرمائیے "مجلس اَلْمَدِینَۃُ الْعِلْمِیَۃ" عالمی مَدَنی مرکز فیضان مدینہ، محلّہ سوداگران، پُرانی سبزی منڈی باب المدینہ کراچی۔

نام مع ولدیّت: ______________ عمر ____ کن سے مرید یا طالب ہیں

خط ملنے کا پتا ____________________________________

فون نمبر (مع کوڈ) ________ ای میل ایڈریس ____________________

انقلابی کیسٹ یا رسالہ کا نام: ______________ سننے، پڑھنے یا واقعہ رونما ہونے کی تاریخ مہینہ / سال: ____________ کتنے دن کے مدنی قافلے میں سفر کیا: ____ موجودہ تنظیمی ذمہ داری ______ مُندرجہ بالا ذرائع سے جو بَرَکتیں حاصل ہوئیں، فُلاں فُلاں برائی چھوٹی وہ تفصیلاً اور پہلے کے عمل کی کیفیت (اگر عبرت کے لیے لکھنا چاہیں) مثلاً فیشن پرستی، ڈکیتی وغیرہ اور امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُهُمُ الْعَالِيَه کی ذاتِ مبارکہ سے ظاہر ہونے والی بَرَکات و کرامات کے "ایمان افروز واقعات" مقام و تاریخ کے ساتھ ایک صفحے پر تفصیلاً تحریر فرما دیجئے۔

# مَدَنی مشورہ

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّارؔ قادِری رَضَوی دَامَتْ بَرَکاتُہُمُ الْعَالِیَہ دورِ حاضر کی وہ یگانۂ روزگار ہستی ہیں کہ جن سے شرفِ بیعت کی بَرَکت سے لاکھوں مسلمان گناہوں بھری زندگی سے تائب ہوکر اللہ رحمٰن عَزَّوَجَلَّ کے اَحکام اور اُس کے پیارے حبیبِ لبیب صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّتوں کے مُطابق پُرسکون زندگی بسر کر رہے ہیں۔ خیر خواہیٔ مسلم کے مُقدّس جذبہ کے تحت ہمارا مَدَنی مشورہ ہے کہ اگر آپ ابھی تک کسی جامع شرائط پیر صاحب سے بَیْعت نہیں ہوئے تو شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے فُیُوض و بَرَکات سے مُسْتَفِیْد ہونے کے لیے ان سے بَیْعت ہوجایئے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دُنیا و آخرت میں کامیابی وسرخروئی نصیب ہوگی۔

# مُریدبننے کا طریقہ

اگر آپ مُرید بننا چاہتے ہیں، تو اپنا اور جن کو مُرید یا طالب بنوانا چاہتے ہیں ان کا نام نیچے ترتیب وار مع ولدیت وعمر لکھ کر "مکتب مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطّارِیہ، عالمی مَدَنی مرکز فیضان مدینہ محلہ سوداگران پرانی سبزی منڈی باب المدینہ (کراچی)" کے پتے پر روانہ فرمادیں، تو اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ انہیں بھی سلسلہ قادِریہ رَضویہ عطّاریہ میں داخل کر لیا جائے گا۔ (پتا انگریزی کے کیپٹل حروف میں لکھیں)

E.Mail : Attar@dawateislami.net

﴿۱﴾ نام و پتا بال پین سے اور بالکل صاف لکھیں، غیر مشہور نام یا الفاظ پر لازماً اِعراب لگائیں۔ اگر تمام ناموں کیلئے ایک ہی پتا کافی ہو تو دوسرا پتا لکھنے کی حاجت نہیں۔ ﴿۲﴾ ایڈریس میں مَحرم یا سرپرست کا نام ضرور لکھیں ﴿۳﴾ الگ الگ مکتوبات منگوانے کیلئے جوابی لفافے ساتھ ضرور اِرسال فرمائیں۔

| نمبر شمار | نام | مرد / عورت | بن / بنت | باپ کا نام | عمر | مکمل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

مَدَنی مشورہ: اس فارم کو محفوظ کرلیں اور اس کی مزید کاپیاں کروالیں۔

اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

رسالہ بَرَکاتِ تَعویذاتِ عطّاریہ (حصہ دوم)

# پُراَسرار کُتّا

## جلد پیش کرنے کی سعی کی جائے گی

MC 1286

فیضانِ مدینہ، محلّہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، باب المدینہ (کراچی)
فون: 021-34921389-93 Ext: 2634
Web: www.dawateislami.net / Email: ilmia@dawateislami.net